## صوبہ سندھ سے پولیو کے موذی مرض کے مکمل خاتمہ کیلئے عوام کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا، الطاف حسین
## حکومت پاکستان اور WHO کی جانب سے انسداد پولیو مہم کا خیر مقدم

لندن۔۔۔29، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین حکومت پاکستان اور WHO (ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن) کے اشتراک سے جاری انسداد پولیو مہم کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور ملک بھر کے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے موذی مرض بچاؤ کی مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ دنوں سندھ میں پولیو کے 5 کیسز سامنے آئے ہیں لہٰذا پولیو کے موذی مرض کے مکمل خاتمہ کیلئے عوام کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ذراسی غفلت اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے نہ پلوانے پر بچوں کا مستقبل تاریک ہوجاتا ہے اور وہ عمر بھر کیلئے اپاہج ہوجاتے ہیں لہٰذا والدین پر لازم ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے لازمی پلوائیں۔ جناب الطاف حسین ملک بھر سے عوام سے بھی پرزور اپیل کی کہ وہ 15 اگست سے ملک بھر میں شروع کی جانے والی انسداد پولیو مہم سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے لازمی پلوائیں۔

## سکھر بار کے صدر امداد علی اعوان ایڈوکیٹ کے انتقال پر متحدہ قومی موومنٹ کا اظہار تعزیت
## ایم کیو ایم کے تمام کارکنان امداد علی اعوان ایڈوکیٹ مرحوم کے لواحقین اور ہمدردوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔۔29 جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے معزول چیف جسٹس افتخار محمد چوہدری کے استقبالیہ قافلے میں شریک سکھر بار کے صدر امداد علی اعوان ایڈوکیٹ کے اچانک انتقال پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے تمام کارکنان امداد علی اعوان ایڈوکیٹ مرحوم کے لواحقین اور تمام ہمدردوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ امداد علی اعوان ایڈوکیٹ مرحوم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی نئی مرکزی کمیٹی کا اعلان کردیا گیا
## چیئرمین وحیدالزماں، سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد، وائس چیئرمین نعمان علی، وائس چیئرپرسن عالیہ خان ہیں
## اے پی ایم ایس او واحد طلبہ تنظیم ہے جس کے بطن سے انقلابی جماعت نے جنم لیا، ڈاکٹر فاروق ستار

کراچی۔۔۔29، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ کا اعلان کردیا ہے۔ اعلان کے مطابق آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحیدالزماں، وائس چیئرمین ندیم احمد، وائس چیئرمین نعمان علی، وائس چیئرپرسن عالیہ خان، سیکریٹری جنرل حماد صدیقی، جوائنٹ سیکریٹری عمران، محترمہ آسیہ، ارشاد، سیکریٹری نشرواشاعت سید منہاج الابراہیم اور فنانس سیکریٹری دانش احمد ہیں۔ اے پی ایم ایس او کے عہدیداروں اور نئی مرکزی کمیٹی کا اعلان رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس میں کیا جس میں کراچی کے تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے اے پی ایم ایس او کے کارکنان نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی آنسہ ممتاز انوار، ڈاکٹر نصرت، اے پی ایم ایس او کی سابقہ تنظیم نو کمیٹی کے رکن ارشد شاہ، عابد چوہان اور عبدالرحیم بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اے پی ایم ایس او واحد طلبہ تنظیم ہے جس کے بطن سے انقلابی جماعت متحدہ قومی موومنٹ نے جنم لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریکوں کی کامیابی میں طلباء کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے لہٰذا اے پی ایم ایس او کے ایک ایک کارکن کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس وتعلیمات کی روشنی میں تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دینا چاہئے۔ انہوں نے اے پی ایم ایس او کی نومنتخب مرکزی کابینہ کے چیئرمین اور دیگر عہدیداران کو دلی مبارکباد دی اور ان پر زور دیا کہ وہ اپنی حصول علم کے ساتھ ساتھ تحریک کے مشن ومقصد، نظریئے اور کاز کو فروغ دینے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

## ایم کیوایم برطانیہ ساؤتھ آل یونٹ کے عہدیداروں کا اعلان

## محبوب الٰہی یونٹ انچارج، جوائنٹ انچارج محسن سعید، فنانس سیکریٹری محمد اشفاق اور رکن محمد ارشد ہونگے

لندن۔۔۔29، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ کے ساؤتھ آل یونٹ کی چار رکنی کمیٹی کا اعلان کردیا گیا۔ یہ اعلان اتوار کے روز ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے ساؤتھ آل میں منعقدہ ایک اجلاس میں کیا جس میں ساؤتھ آل یونٹ کے کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ عزیز آبادی، پاکستان سے آئے ہوئے پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عابد حسین اور ایم کیوایم یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ اعلان کے مطابق ایم کیوایم ساتھ آل یونٹ کے انچارج محبوب الٰہی، جوائنٹ انچارج محسن سعید، فنانس سیکریٹری محمد اشفاق اور رکن محمد ارشد ہونگے۔

## مذہبی انتہاپسندی اور طالبانائزیشن کی وجہ سے پاکستان کی سلامتی شدید خطرے میں ہے۔ مصطفیٰ عزیز آبادی

## اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے گئے تو ملک خدانخواستہ ناقابل تلافی نقصان سے دوچار ہوسکتا ہے

## الطاف حسین پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کررہے ہیں، ڈاکٹر عابد حسین،

## پاکستان کو سب سے بڑا خطرہ مذہبی انتہاء پسندی سے ہے، ڈاکٹر سلیم دانش، ساؤتھ آل یونٹ کے کارکنان سے خطاب

لندن۔۔۔29، جولائی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ عزیز آبادی نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی مذہبی انتہاپسندی اور طالبانائزیشن کی وجہ سے آج پاکستان کی سلامتی شدید خطرے میں ہے اور اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے گئے تو ملک خدانخواستہ ناقابل تلافی نقصان سے دوچار ہوسکتا ہے۔ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو سیاسی مفادات کے بجائے غریب عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور ملک بھر کے عوام کو پاکستان کی سرحدوں پر منڈلانے والے خطرات سے آگاہ کررہی ہے۔ یہ بات انہوں نے لندن کے علاقے ساؤتھ آل میں ایم کیوایم ساؤتھ آل یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عابد حسین اور ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے بھی خطاب کیا۔ مصطفیٰ عزیز آبادی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا نظریہ سچا ہے یہی وجہ ہے کہ ریاستی ظلم وتشدد اور جبر واستبداد کے باوجود ایم کیوایم کو ختم نہیں کیا جاسکا اور آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں پھیل چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو اقتدار کی سیاست اور سیاسی مفادات کے حصول کے بجائے ملک بھر کے عوام کو پاکستان کی سرحدوں پر منڈلانے والے خطرات سے آگاہ کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذہبی انتہاپسندی اور طالبانائزیشن کی وجہ سے آج دنیا بھر میں اسلام اور پاکستان کا امیج خراب ہورہا ہے، ایک سازش کے تحت اب کراچی میں بھی طالبانائزیشن کا عمل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بڑھتی ہوئی مذہبی انتہاپسندی اور طالبانائزیشن کی وجہ سے پاکستان کی سلامتی شدید خطرے میں ہے۔ مصطفیٰ عزیز آبادی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے عوام کو کبھی سبز باغ نہیں دکھائے بلکہ عوام کو آنے والے حالات اور آزمائشوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ قائد تحریک الطاف حسین کئی دنوں سے قوم کو یہ آگاہ کررہے ہیں کہ ملک کی سلامتی خطرے میں ہے جس کا اعتراف آج دیگر رہنما بھی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اس نازک صورتحال پر ہوشمندی کا مظاہرہ کریں اور سیاسی مفادات کے بجائے ملک کی بقاء وسلامتی کی فکر کریں۔ اجلاس سے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عابد حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خلاف جدوجہد کرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ ملک وقوم کو لاحق بیماری کی تشخیص کرچکے ہیں اور پاکستان کو بچانے کی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ استحصالی عناصر نے سازشوں اور پروپیگنڈوں کے ذریعے محروم عوام کو قائد تحریک الطاف حسین سے دور رکھا لیکن یہ قائد تحریک الطاف حسین کی سچائی ہے کہ وہ ملک بھر میں پھیل رہی ہے۔ اجلاس سے ڈاکٹر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم، غریب عوام کے حقوق کے محض نعرے نہیں لگاتی بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد بھی کررہی ہے، ایم کیوایم نے غریب ومتوسط طبقہ کے افراد کو ایوانوں میں بھیجا اور انشاءاللہ وہ دن جلد آئے گا جب ملک بھر کے عوام اپنے اتحاد سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔

☆☆☆☆☆